# تحقیق و تدوین کے طریقے کے معاون سوالات

## معروضی عبارات :

1) مقالہ کا لفظ شروع سے ہی تھیسز کے لیے استعمال ہوا ہے
2) شروع البحث سے مراد تحقیقی منصوبہ ہے
3) منہاج واضح اور صاف راستے کو کہتے ہیں
4) منہج کے لغوی معنی کو بنیاد بنا کر استعمال کیا جاتا ہے
5) بحث کا لغوی معنی طلب و تفتیش ہے
6) تحقیق کا مقصد کسی حقیقت کو نمایاں کرنا
07) علم تحقیق کی تعریف منظم جستجو اور کھوج لگانا
08) علمی تحقیق کے مقاصد کسی معدوم شے کو ایجاد کرنا کسی متفرق کو یکجا کرنا ناقص کو مکمل کرنا
09) علمی تحقیق علمی لحاظ سے پیشہ ورانہ تربیت کرتی ہے
10) مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی تین اقسام ہیں
11) میدانی تحقیق کے لیے اسے کھیتوں کارخانوں فیکٹریوں اور مختلف کمپنیوں میں بھی جانا پڑتا ہے
12) منطق ایک ایسا علم ہے جو انسانی فکر اور سوچ کو منظم کرتا ہے
13) حادثات و واقعات کے اسباب بیان کرنا قانون تعلیل کہلاتا ہے
14) اطلاق تحقیق کا مقصد نئی چیزوں کو دریافت کرنا
15) اطلاقی تحقیق کے مناہج بھی دو طرح کے ہوتے ہیں
16) حدث کے اعتبار سے تحقیق کی تین اقسام ہیں
17) جس تحقیق کو ایک محقق مکمل کرتا ہے ایسے تحقیق کو انفرادی تحقیق کہا جاتا ہے
18) جس تحقیق میں دو یا زیادہ محقق شریک ہوں اسے ٹیم ریسرچ کہا جاتا ہے
19) معیار کے اعتبار سے تحقیق کی چار اقسام ہیں
20) طالب علم کو 24 گھنٹے کریڈٹ آور کا کورس ایم فل کے لیے پڑھنا پڑتا ہے
21) تجزیاتی تحقیق میں خاص نمونوں کو متعین زاویوں سے پرکھا جاتا ہے

22) سببی تحقیق کسی حالت کے اسباب و علل جاننے کا نام ہے

23) علمی تحقیق کی بنیادی عناصر 10 ہیں

24) میلان و رغبت تحقیق کی کنجی ہے

25) تحقیق کو ہر طرح کے سرقے سے پاک ہونا چاہیے

26) علمی امانت داری کا تقاضہ نقل واقطباس کا حوالہ دینا ہے

27) ایم اے کے مقالہ کے لیے نگران تحقیق استاد کو منتخب کرنا

28) جامعات نگران کی تقرری کا معاملہ صدر شعبے کے سپرد کرنا

29) انسائکلوپیڈیاز جن میں مختلف علمی، معاشرتی اور ادبی موضوعات سے متعلق معلومات اکٹھے کی جائیں عمومی دائرہ المعارف کہلاتے ہیں

30) مخصوص دائرالمعارف کی تعریف مختلف شعبہ زندگی میں سے کسی ایک پر تفصیلی معلومات فراہم کرنا ہے

31) عربی زبان میں بھی بہت سے مخصوص انسائکلوپیڈیاز موسوعت اور دائرہ المعارف کے نام سے تیار کیے گئے ہیں

32) ایسی لغات و قوامیس جن میں کسی ایک موضوع پر اتفاق نہ کیا جائے انہیں عمومی معاجم کہا جاتا ہے

33) لائبریری سے کتاب لینے کے اصول وضوابط آٹھ ہیں

34) لائبریری میں کتاب واپس کرنے کی حد زیادہ سے زیادہ ایک سال پر محیط ہو

35) لائبریریوں میں اضافہ بندی کے دو طریقے رائج ہیں

36) کتاب کو لائبریری سے باہر لے جانے کو استعارہ خارجیہ کہتے ہیں

37) کتاب حاصل کر کے لائبریری کے اندر ہی اس کے مطالعہ کرنے کو استعارہ داخلیہ کہتے ہیں

38) مقالہ نگاری کے چھ مراحل ہیں

39) تحقیق کا سب سے اہم مرحلہ انتخاب موضوع ہے

40) موضوع کے انتخاب کے لیے عام طور پر دو طریقے رائج ہیں

41) لائبریری یونیورسٹی کا پھیپڑا ہے

42) عنوان تحقیق لمبا اور بیزار کرنے والا نہ ہو

43) جو لوگ تاریخ ادب میں مہارت رکھتے ہیں وہ بلاغت کو اپنا موضوع تحقیق نہ بنائیں

44) مقدمہ کی ہیڈنگ صفحہ عنوان کے اگلے صفحے پر تحریر کی جاتی ہے

45) تحقیق کا عنوان دلچسپ دلکش جاذب ہونا چاہیے

46) ایم فل کے مقالے کے تین ابواب ہیں

47) پی ایچ ڈی کے مقالے کے چار ابواب ہیں

48) مصادر اور مراجع دو الگ الگ اصطلاحات ہیں

49) مراجع سے مراد وہ کتابیں ہیں جن کے علمی مواد کی بنیاد اصل مصادر پر رکھی جاتی ہے

50) قران پاک مصحف مدینہ منورہ کے مطابق (604) صفحات پر مشتمل ہے

51) مکتبہ التفسیر وعلوم القران التراث کمپنی کا تیار کردہ یہ سافٹ ویئر

52) موسوعۃ الحدیث شریف کا سافٹ ویئر مصر کی ایک کمپنی نے تیار کیا ہے

53) سبع معلقات کا سافٹ ویئر طویل قصائد پر مشتمل ہے

54) المترجم المکافی عربی سے انگلش اور انگلش سے عربی ترجمے کا بہترین سافٹ ویئر ہے

55) المکتبۃ الشاملہ ایک جامعہ لائبریری ہے

56) مقالہ لکھنے کے لیے محقق کے پاس مصادر کا ہونا ضروری ہے

57) آرتھ کول کی رائے کے مطابق مطالعہ ایک فن ہے

58) اقتباس علمی مواد کی جمع آوری کا ذریعہ ہے

59) مواد کی جمع آوری کے 10 ذرائع ہیں

60) طبقاتی نمونہ غیر ارادی نمونے سے بہتر ہوتا ہے

61) طبقاتی نمونہ ہر طبقے سے رینڈم سیمپل حاصل کرتا ہے

62) علماء اور محققین کے مقالے کے تین ارکان ہیں

63) اسلوب سے مراد تعمیری سانچہ ہے

64) کامیاب محقق وہ ہے جو اپنے اسلوب میں تناؤ پیدا کرے

65) حاشیہ سے مراد پیچیدہ امور کی تشریح کرنا ہے

66) ہوامش جمع ہے اور اس کا واحد ہامش ہے

67) مسلمان علماء میں آٹھویں صدی میں حواشی اور تعلیقات کا رواج پڑا

## مختصر و طویل معاون سوالات :

1) تھیسز کے لیے کون کون سے الفاظ بطور اصطلاح مستعمل ہیں؟
2) تھیسز کے لیے دور حاضر میں کون سا لفظ رائج ہے؟
3) منہج کے لفظی اصطلاحی معنی اور ماخذ بتائیے۔
4) بحث علمی کے لفظی معنی تحریر کریں۔
5) آرتھر کول نے یونیورسٹی مقالہ کی کیا تعریف بیان کی؟
6) علمی تحقیق کے مقاصد کو جمال الدین قاسمی نے کس طرح بیان کیا؟
7) مصادر کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام بیان کریں۔
8) مقاصد کے اعتبار سے تحقیق کے کتنی قسمیں ہیں؟
9) نظریاتی تحقیق کا انحصار کس منہج پر ہوتا ہے؟
10) علم منطق کی تعریف تحریر کریں۔
11) قانون زانیات کی تعریف بیان کریں۔
12) قانون عدم تناقض کی تعریف بیان کریں۔
13) قانون الثالث موضوع کی تعریف بیان کریں۔
14) قانون تعلیل کی تعریف بیان کریں۔
15) اطلاقی تحقیق کا مقصد کیا ہے؟
16) مدت کے اعتبار سے تحقیقی اقسام بیان کریں۔
17) اخراجات کے لحاظ سے تحقیق کی اقسام بیان کریں۔
18) محققین کے تعداد کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام بیان کریں۔
19) معیار کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام کے نام لکھیں۔
20) منہج کے اعتبار سے تحقیق کی کتنی اقسام ہیں؟ کون کون سی؟

21) علمی تحقیق کے بنیادی عناصر کے نام لکھیں۔

22) شماریاتی تحقیق سے کیا مراد ہے؟

23) تجرباتی تحقیق سے کیا مراد ہے؟

24) لائبریری میں موجود کتب کی کوئی تین قسمیں تحریر کریں۔

25) کتابوں کی ترتیب اور اصناف بندی کا نظام مختصر بیان کریں۔

26) کتاب کے اجزاء کے کوئی تین نام تحریر کریں۔

27) موضوع کے انتخاب کے لیے کتنے طریقے رائج ہیں کوئی سے تین نام لکھیں۔

28) خاکہ تحقیق کے عناصر کے نام تحریر کریں۔

29) پاکستان کی تین مشہور لائبریری کے نام لکھیں۔

30) مصادر اور مراجع میں کیا فرق ہے؟

31) مقالے کے ارکان کتنے ہیں کوئی سے تین نام لکھیں۔

32) حاشیہ کی تعریف تحریر کریں۔حاشیے میں کن امور کا تذکرہ کرنا چاہیے؟

33) مصادر اور مراجع کی فہرست تحریر کرنے کے دو طریقے لکھیں۔

34) پروف کی تصحیح سے کیا مراد ہے؟

35) مقالے کی آخری کتابی شکل کے عناصر کون سے ہیں کوئی سے تین نام لکھیں۔

36) مخطوطہ کسے کہتے ہیں؟

37) تدوین سے کیا مراد ہے؟

38) اسلامی و عربی دنیا کے مشہور کتب خانوں کے نام لکھیں کوئی تین۔

39) تین اسلامی ممالک کے کتب خانے کے نام بتائیں۔

40) مطبوع سے کیا مراد ہے تعریف بیان کریں۔

41) مطبع کی تعریف لکھیں۔

42) درج ذیل کی تعریفات لکھیں۔

تراث، شروح، نص، ضبط، متن، تحریر، حواشی،، نسخہ ام، نسخہ اصلیہ، فرعی نسخے، ناسخ، تاریخ کفایت، پسند، سماعت

43) یونیورسٹی مقالات کو فہرست مراجع میں کس طرح سے درج کیا جائے گا

44) تدوین متن سے کیا مراد ہے؟

45) تحقیق و تدوین کا مقصد کیا ہے؟

46) تحریف سے کیا مراد ہے؟

47) شیخ اسلام ابن حجر عسقلانی نے تصحیف و تحریف کے درمیان کیا فرق کیا ہے بیان کریں۔

48) مقدمہ تدوین کن امور پر مشتمل ہونا چاہیے نام تحریر کریں۔

49) فہارس کا مقصد کیا ہے؟

50) عربی رسم الخط کو تحریر کرنے کے دو پہلو لکھیں۔

51) محقق کے لیے عربی زبان کے کن چھ خطوط سے آگاہی ضروری ہے؟

52) رموز او قاف و ترقیم سے کیا مراد ہے؟

53) فاصلہ منقوطہ کا محل و قوع بیان کریں؟

54) علامات شرطہ کا محل و قوع بیان کریں۔

55) ہمزہ قطعی سے کیا مراد ہے؟ ہمزہ قطعی کن جگہ پر لکھا جاتا ہے؟

56) ہمزہ وصلی سے کیا مراد ہے؟ ہمزہ قطعی اور ہمزہ وصلی کی پہچان کا طریقہ لکھیں؟

57) عربی اسماء اور عجمی اسماء سے کیا مراد ہے؟

58) حدیث مبارکہ کی تین مشہور کتابوں کے نام لکھیں۔

59) علمی تحقیق کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔

60) مصادر کہ اعتبار سے تحقیق کی اقسام تفصیلا بیان کریں۔

61) مقاصد کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام تحریر کریں۔

62) نظریاتی علوم میں تحقیق کا طریقہ کار تفصیلا بیان کریں۔

63) معیار کے اعتبار سے تحقیق کی اقسام تحریر کریں۔

64) علمی تحقیق کی اہمیت اور افادیت کے بنیادی عناصر کے نام لکھتے ہوئے درج ذیل کی وضاحت کریں۔

مصادر تحقیق کی دستیابی، حیاتیت اور واقعیت، وسیع مطالعہ

65) محقق میں پائی جانے والی کوئی سی تین خصوصیات تفصیلاً تحریر کریں۔

66) محقق طالب علم اور نگران تحقیق کے درمیان کیا ربط تعلق ہونا چاہیے جامع انداز میں تحریر کریں۔

67) مقالہ نگاری کے مراحل تحریر کریں۔

68) موضوع کے انتخاب کے لیے کتنے طریقے رائج ہیں تحریر کریں۔

69) اچھے موضوع کی شرائط کتنی ہیں تفصیلاً تحریر کریں۔

70) شروحات حواشی اور ہوامش میں فرق واضح کریں۔

71) حاشیہ میں مرجع ذکر کرنے کے عملی نمونے تحریر کریں۔

72) مقالے کے کمپوزنگ کا درست فارمیٹ لکھیں۔

73) پروف کی تصحیح سے کیا مراد ہے جامع انداز میں تحریر کریں۔

74) عہد نبوی، عہد فاروقی اور تیسری صدی عیسوی میں کتابت کا فن کس طرح پروان چڑھا؟

75) مخطوطات کی تاریخ، تعارف اور اہمیت پر نوٹ لکھیں۔

76) اسلامی مخطوطات کو تاتاریوں اہل یورپ اور اندلس سے کیسے نقصان پہنچا؟

77) تدوین مخطوطات کی اہمیت پر جامع انداز میں نوٹ تحریر کریں۔

78) تدوین کے لیے مخطوطہ کے انتخاب کے لیے چار شرائط لکھیں۔

79) رسم الخط، رموز و اوقاف اور اختصارات پر نوٹ لکھیں۔

80) الف لین کو لکھنے کے طریقے اور قواعد لکھیں۔

تاریخ اجراء: 26 جون 2024